**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

## افواہ سازی کی شرمناک سرکاری مہم کی آڑ میں انتخابات پر ڈاکہ ڈالنے کی قابلِ مذمت ریاستی کوششوں کا معاملہ

عمران خان کی عوام میں تاریخی مقبولیت اور پاکستان تحریک انصاف کو میسّر غیر معمولی تائید کے باعث 8 فروری کے انتخابات کے نتائج بالکل واضح اور غیر مبہم ہیں، ستر سے اسّی فیصد مقبولیت کے بعد رائے عامہ کے تمام غیر جانبدار اندازے پاکستان تحریک انصاف کے دو تہائی یا تین چوتھائی اکثریت سے کامیاب ہونے کی نوید دے رہے ہیں، ملک میں دستور و قانون کی دھجیاں اڑانے والی ریاستی مشینری 8 فروری کے عام انتخابات کو بند کمروں کی سازشوں اور بیہودہ شر انگیزیوں کی بھینٹ چڑھانے کی منصوبہ بندی میں مصروف ہے، تحریک انصاف کو توڑنے اور قوم کے مقبول ترین قائد کو ناحق قید کرنے کیلئے 9 مئی کا فالس فلیگ آپریشن رچایا گیا، تحریک انصاف کو ریاستی طاقت کے اندھے استعمال سے سیاست سے بے دخل کرنے میں ناکامی کے بعد تکنیکی اسباب کے ذریعے اسے مینڈیٹ سے محروم کرنے کا منصوبہ تیار کیا گیا، بلے کا نشان چھینے جانے کے باوجود عوام کے تحریک انصاف کے امیدواروں کی جانب فیصلہ کن جھکاؤ سے سرکاری منصوبہ سازوں کے اوسان خطا ہیں، کرائے کے تجزیہ نگاروں اور صحافتی ٹاؤٹوں کے ذریعے شرمناک افواہ سازی اور لغو اور جھوٹے بیانیے بنانے کی مایوس کن کوششیں جاری ہیں، بدترین جبر، فسطائیت، سازشوں اور دھاندلی کی نہایت مربوط اور منظم ریاستی کوششوں کے باوجود تحریک انصاف کا انتخابات میں شرکت کا فیصلہ دستور، جمہوریت اور پرامن سیاست پر ہمارے غیر متزلزل ایمان کی روشن ترین دلیل ہے، ریاستی شر انگیز انتخابات کے دوران شر انگیزیوں کے جال بُننے اور فالس فلیگ آپریشنز کی خفیہ منصوبہ بندیوں کی بجائے عوام کو پرامن اور آزادانہ انداز میں اپنے مستقبل کے تعیّن کا موقع دیں، کسی نئے فالس فلیگ آپریشن کی آڑ میں ملک کو لاقانونیّت، طوائف الملوکی یا داخلی انتشار میں دھکیلنے کے خواب دیکھنے والے پاکستان کو معاف کریں اور شیطان کی گود سے اتر کر دستور کو اپنا رہنما بنائیں، تحریک انصاف مکمل طور پر پرامن ہے اور دستور و قانون کے دائرے میں رہ کر ووٹ کے ذریعے ملکی تعمیر و ترقی کا جامع، مؤثر اور قابلِ عمل پروگرام رکھتی ہے، عدالتِ عظمیٰ دستور کے محافظ کی حیثیت سے آئین اور جمہوریت پر شب خون کی خفیہ و اعلانیہ ریاستی کوششوں کا بروقت سدِباب کرے، شر اور شرارت کی کسی ریاستی کوشش کو پہلے کوئی قبولیت ملی نہ آئندہ ہی کوئی قبولیت میسر آئے گی،

ترجمان تحریک انصاف